سوال

(248) رواج ہے کہ لوگ نفل ہمیشہ بیٹھ کر پڑھا کرتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رواج ہے کہ لوگ نفل ہمیشہ بیٹھ کر پڑھا کرتے ہیں۔ توکیا رسول اللہ ﷺ ہمیشہ نماز نفل بیٹھ کر ہی پڑھتے تھے۔؟ اگر نہیں تو دستور کرلینا اور ہمیشہ بیٹھ کر ہی پڑھنا بدعت ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ ﷺ نے بعض اوقات نفل بیٹھ کر پڑھے ہیں مگر قانون یہ فرمایا کہ بیٹھ کر نفل پڑھنے کا ثواب کھڑا ہونے کی نسبت نصف ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01 ص447

محدث فتویٰ